11364-اللہ تعالی کے اسم "الرفیق" کا معنی

سوال

اللہ تعالی کے اسم "الرفیق" کا معنی کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

بیشک اللہ تعالی اپنے بندوں کے ساتھ بہت ہی رفیق (مہربان) ہے اوروہ اپنے افعال میں بھی رفیق ہے ، اس نے سب مخلوقات کو بتدریج حکمت اور مہربانی کے ساتھ ایک ایک چیز کرکے پیدا فرمایا ، باوجود اس کے وہ انہیں ایک لحظہ میں پیدا کرنے پر قادر تھا ، توجو بھی شریعت پر غور فکر اور تدبر کرے گا وہ کس طرح ایک ایک چیز کرکے لاتی ہے تو وہ اسے اللہ تعالی کی رفق ومہربانی پر شاھد پائے گا ۔

اور اللہ عزوجل بہت ہی مہربان ہے وہ جلد بازی نہیں کرتا کیونکہ جلد بازی تو وہ کرتا ہے جسے کسی چیز کے ختم ہوجانے کا ڈر ہو، لیکن وہ جس کے قبضہ اور ملکیت میں سب کچھ ہو وہ اس میں جلد بازی نہیں کرتا ۔

ابن قیم رحمہ اللہ تعالی کا قول ہے :

اور وہ اللہ تعالی مہربان ہے اور مہربانی کرنے والوں سے محبت کرتا ہے بلکہ انہیں اپنی مہربانی سے ان کی خواہش سے بھی زیادہ عطا فرماتا ہے ۔ .